© rasailojaraid.com

# موت العالِم موت العالَم

الاضواء کا موجودہ شمارہ زیرِ ترتیب تھا کہ عالمِ اسلام کا ایک اور نامور محقق اور عاشقِ رسول ڈاکٹر حمید اللہ (پیرس) بھی اپنے رب سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ ان کو درجاتِ عالیہ پر سرفراز فرمائے۔

پروفیسر خورشید احمد نے بجا فرمایا کہ

''برعظیم پاک و ہند کے علمی اور دینی افق کو درخشاں کرنے والے تمام ستارے ایک ایک کر کے ڈوب گئے ہیں۔ علامہ اقبالؒ گئے، مولانا اشرف علی تھانویؒ گئے، مولانا ابوالکلام آزادؒ گئے مولانا شبیر احمد عثمانیؒ گئے، سید سلمان ندویؒ گئے، مفتی محمد شفیعؒ گئے، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ گئے، ڈاکٹر فضل الرحمان گئے، مولانا امین احسن اصلاحی گئے، مولانا سید ابوالحسن ندویؒ گئے ____ اور اب مشرق سے ابھرنے والے اس سنہری سلسلے کا آخری تارہ ڈاکٹر حمید اللہ مغرب کی آغوش میں ہمیشہ کی نیند سو گیا۔

رب کریم سے دعا ہے کہ وہ ہمیں بھی علم سے وہ سچی محبت اور لگن عطا فرمائے جو مرحوم کو تھی۔

(پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت)

© rasailojaraid.com